SIGN OF VICTORY

Rampur State Gazette.

EXTRA ORDINARY.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالهم و ملکهم

نمبر ۱۴	مطبوعہ روز چہارشنبہ بتاریخ ۳۰ صفر سنہ ۱۳۶۱ھ مطابق ۱۸ مارچ سنہ ۱۹۴۲ء	جلد ۵۸

گزٹ غیرمعمولی

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ

(۱) منظوری اشاعت اعلان

حکم اجلاس عالی مرتبت صاحب کمشنر ولر بہادر سول ڈیفنس

۲ اعلان منجانب عالی مرتبت صاحب کمشنر ولر بہادر سول ڈیفنس ۳

آرڈران کونسل رامپور اسٹیٹ

آرڈر نمبر ۵۹۵ :- واقع ۱۷ مارچ ۱۹۴۲ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۱۵ مارچ ۱۹۴۲ء میں طے پایا کہ :-

منجانب گورنمنٹ رامپور اعلان مندرجہ ذیل کا سرکاری گزٹ میں شائع کیا جانا منظور ہے۔

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ دفعہ ۲ ضمن (۲) قانون تحفظ ہند ریاست رامپور گورنمنٹ رامپور کنٹرولر سول ڈیفنس کو جملہ اختیارات جو تحت ضمن (۱) دفعہ مذکور گورنمنٹ کو حاصل ہیں، تفویض کرتی ہے۔

حکم ہوا کہ

حکم ہٰذا مع کاغذات متعلقہ اسٹیٹ پریس کو مرسل ہو۔ حکم ہٰذا کی ایک نقل مع نقل اعلان انگریزی ۱۸ مارچ ۱۹۴۲ء کے غیر معمولی گزٹ میں شائع کیجائے اصل کاغذات بعد کارروائی دارالانشاء بھیجے جائیں۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

نوٹ :- نقل اعلان بخط انگریزی صفحہ آئندہ پر ملاحظہ ہو۔

حکم اجلاس عالیمرتبت صاحب کنٹرولر بہادر سول ڈیفنس

اعلان

باستعمال اختیارات محکومہ دفعہ ۲ قانون تحفظ ہند ۔ ریاست رامپور جو گورنمنٹ رامپور نے ذریعہ اعلان مورخہ ۱۰ مارچ ۱۹۴۲ء کنٹرولر سول ڈیفنس کو عطا کئے ہیں حسب ذیل احکام عوام کی اطلاع اور پابندی کیلئے صادر کئے جاتے ہیں :-

(۱) جملہ مجسٹریٹ و افراد پولیس و جملہ ممبران شعبہ تدارک حملہ ہوائی و سول ڈیفنس جس وقت کہ وہ اپنے فرائض منصبی کی انجام دہی میں مشغول ہوں مجاز ہوں گے کہ وہ اُن اغراض میں سے کسی غرض کے لئے جس کا تعلق ریاست کی حفاظت ۔ امن عامہ ۔ جنگ کو کامیابی سے چلانے ۔ سامان رسد اور ملازمت کو برقرار رکھنے سے ہو اور جو کسی طبقہ کی حیات کے لئے ضروری ہو کسی اراضی پر سے گذر سکیں۔

(۲) کوئی موٹر گاڑی دوران اوقات تاریکی سڑک پر نہیں چلائی جائے گی تاوقتیکہ اس کا بمپر (Bumper) مڈگارڈ بیرونی اور سامنے کا حصہ کنارے سے دو انچ کی چوڑائی تک اور فٹ بورڈ کے کنارے سفید رنگ سے رنگے ہوئے نہ ہوں موٹر سائیکل اور بائیکل کے پچھلے مڈگارڈ کا آخری پچھلا حصہ ۱۲ انچ تک سفید رنگ سے رنگا ہوا ہونا ضروری ہے لیکن شرط یہ ہے کہ رنگ چمکیلا نہ ہو۔

حکم نمبر ایک متذکرہ بالا سرکاری گزٹ میں شائع ہونے کی تاریخ سے اور حکم نمبر ۲ گزٹ مذکور میں شائع ہونے کی تاریخ سے ۱۰ یوم بعد جملہ حدود ریاست رامپور میں نفاذ پذیر ہوں گے۔

کنٹرولر سول ڈیفنس

نوٹ :- اعلان بخط انگریزی صفحہ آئندہ پر ملاحظہ ہو۔

NOTIFICATION.

In exercise of the powers conferred on the Government by Section 2 Sub-Section 1 Defence of India Act, Rampur State, the Government of Rampur delegates its powers under sub-section 2 sub-section 4 to the Controller Civil Defence, Rampur State.

Office of the Controller, Civil Defence Rampur State U. P.

NOTIFICATION

In exercise of the powers delegated to me by the Government in their order dated 17th March 1942, under Sec. 2 of Defence of India Rampur State Act, I hereby promulgate the following orders for public information and observance. Order No. 2 shall be inforce 10 days after its being published in the State Gazette and Order No. 1 shall be inforce from the time of its publication in the said gazette.

1.—All Magistrates, all members of the Police Force and all members of A.R.P. Warden's Service, A.R.P. Messengers and Communications Service and A.R.P. Fire Fighting Service, acting in the course of their duties as such are authorised to pass over any land for any purpose connected with the defence of the State, public safety, efficient prosecution of the War or maintenance of supplies and service essential to the life of the community.

2.—No Motor Vehicle shall be on the road during the hours of darkness unless the bumper, the outerside and front of mudguards for a width of two inches from the edge, and the edges of the running boards are painted with white paint. In the case of Motor Cycles and bicycles the mudguards shall be painted white for a distance of 12 inches from the rear tip.

(Sd.)

R. H. SALOWAY,
Controller Civil Defence.